عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 29 اکتوبر 2026ء/ 17 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 211

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے 9 دہشتگرد ہلاک

ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا گیا شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد جبکہ ضلع وڈھ میں دو دہشت گرد ہلاک کر دیئے گئے

بلوچستان: سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے 9 دہشت گرد ہلاک، صدر مملکت اور وزیراعظم کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

راولپنڈی، اسلام آباد (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع میں انٹیلی جنس آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 9 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 26 اکتوبر 2026 کو بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں سیکیورٹی فورسز کے دو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 9 دہشت گردوں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

خلیجی جنگ میں لاپتہ افراد کی تلاش اور شناخت کا عمل تیز کیا جائے، پاکستان

کویتی املاک، بالخصوص قومی آرکائیوز اور تاریخی ریکارڈ کی تلاش اور واپسی کو ترجیح دی جانی چاہیے

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ 1990 میں عراق کے کویت پر حملے کے بعد سے لاپتا کویتی شہریوں کی شناخت اور ان کے انجام کا تعین کرنے کے لئے کوششیں تیز کی جائیں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ہم بے گناہ ہیں، ہمیں پنجرے میں رکھ کر ٹرائل کیا گیا، ایمان مزاری

پراسیکیوشن نے جان بوجھ کر ویڈیو کی اصل ٹرانسکرپٹ چھپائی، جو پراسیکیوشن کے جھوٹ کا پردہ فاش کرتی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی عدالت میں بیریسٹر ہٹانے اور کارِ سرکار میں مداخلت کے مقدمے میں ایمان مزاری اور ہادی علی کا ضابطہ فوجداری کی دفعہ 342 کے تحت ریکارڈ کرایا گیا بیان سامنے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ایران پر حملہ میری زندگی کے بہترین فیصلہ، دوبارہ کرنا پڑا تو یقیناً کروں گا، ٹرمپ

آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں اضافہ ہو رہا ہے، آبی گزرگاہ کا نام جلد تبدیل کر کے آبنائے ٹرمپ رکھا جا سکتا ہے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے کا (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

دہشتگردوں کو ملک کے کسی کونے میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

بھارتی سپانسرڈ عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابلِ تحسین ہیں، پوری قوم فورسز کے ساتھ کھڑی ہے

وفاقی وزیرِ داخلہ کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے 9 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

حنیف عباسی کا بلوچستان میں 9 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردوں اور ان کے غیر ملکی سرپرستوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیرِ برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں کامیاب کارروائی کے دوران 9 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)


اسلام آباد، سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج جسٹس منیب اختر کا رسماً قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی 100 سال جیل گزار سکتے ہیں مگر سمجھوتہ نہیں کریں گے، بیرسٹر گوہر

آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق فراہم کرتا ہے، جبکہ معاشرے میں امن و استحکام کے لیے علمائے کرام اور مذہبی رہنماں کا کردار قابلِ قدر ہے

تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والوں کے درمیان باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، جعفر مندوخیل سے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (جی این ایم) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر علامہ حافظ طاہر اشرفی نے وفد کے ہمراہ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر علامہ طاہر اشرفی نے گورنر بلوچستان کو قومی پیغام امن کے فروغ اور علمائے کرام سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر کیچ سے ڈی ایچ او کی ملاقات، صحت عامہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

صحت کے شعبے میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ اور ڈپٹی ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر محسن منیر بلیدی نے ملاقات کی جس میں ضلع کیچ میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال، ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش مسائل، طبی سہولیات کی بہتری اور (باقی صفحہ 2 نمبر 6)


اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف مصنوعی ذہانت (AI) اور معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن کے اطلاق اور علی بابا گروپ کے ساتھ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اساتذہ تدریس کے علاوہ کسی سرگرمی میں حصہ نہیں لیں گے، وزیراعظم

سرکاری سکولوں میں بہترین طبی سہولیات بھی فراہم کی جائیں، اسلام آباد میں سکولوں کے مسائل ایک ہفتے میں حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد کے سرکاری سکولوں کے مسائل ایک ہفتے میں حل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری سکول بسوں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے، اساتذہ کی بھرتیاں خالصتاً میرٹ پر کی جائیں، سولرائزیشن کو فروغ اور سرکاری سکولوں میں بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں سکولوں میں اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے اسلام آباد میں تمام سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر، نصاب، اساتذہ کی تربیت اور دیگر اصلاحات کے ہنگامی بنیادوں پر نفاذ کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کو ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کرنے کے لئے حکمت عملی تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کے سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر کے تمام مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کئے جائیں، طلبا و طالبات کو سکولوں میں محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پاک بحریہ کے سربراہ اور کویتی بحریہ کے کمانڈر کی ملاقات

ملاقات میں علاقائی بحری امن و استحکام کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (جی این ایم) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور کویتی بحریہ کے کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی الحملاں کے درمیان ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

طائف کی جانب داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کر دیا، سعودی فوجی اتحاد

میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تعمیراتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا

ریاض (جی این ایم) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ طائف پر حوثیوں کی جانب سے داغے گئے بیلسٹک میزائل کو روک کر تباہ کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ڈیفنس نے کہا ہے کہ سعودی دارالحکومت ریاض میں حوثی میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تعمیراتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ سعودی شہروں جدہ اور ینبع میں جاری کی گئی ممکنہ حملے کی وارننگ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

ایران امریکا کشیدگی، قطر نے مجوزہ معاہدے کا نیا مسودہ پیش کر دیا

ایران رواں ہفتے کے اختتام تک قطر کی تجویز پر اپنا جواب دے گا

دوحہ (جی این ایم) امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمے کیلئے قطر کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق قطری ثالثوں نے ایران کو مجوزہ معاہدے کا نیا مسودہ پیش کر دیا ہے۔ یہ تجویز اتوار کو تہران کے سامنے رکھی گئی تھی جس پر ایرانی قیادت غور کر رہی ہے۔ توقع ہے کہ ایران رواں ہفتے کے اختتام تک قطر کی تجویز پر اپنا جواب دے گا۔ یہ سفارتی پیش (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، مصر اور سعودی عرب کا رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

قاہرہ (جی این ایم) مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں مصر اور سعودی عرب نے قریبی رابطہ اور باہمی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کوئٹہ میں پولیس کے خلاف ویڈیو بنانے پر دو افراد کے خلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں پولیس کے خلاف ویڈیو بنانے پر دو افراد کے خلاف مقدمہ درج، ایک کو گرفتار کر لیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)


اسلام آباد، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مکہ المکرمہ فارورڈ پیس کے پہلے سیکرٹری جنرل نعمان محمود ملاقات کر رہے ہیں

شہریوں کے نام غیر ضروری طور پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کا معاملہ عدالت پہنچ گیا

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سیکریٹری داخلہ، ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اور ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (جی این ایم) بیرون ملک سفر کرنے والے شہریوں پر غیر ضروری سفری پابندیوں، پاسپورٹ رولز اور پروونشل نیشنل آئیڈینٹیفکیشن لسٹ (پی این آئی ایل) کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے سیکریٹری داخلہ، ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اور ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا، جب کہ قانونی معاملے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ایران سے پشاور کے شہری کو اغوا کرنیوالے ملزمان افغان شہری نکلے

ملزمان کے اہلِ خانہ کے ذریعے یاسر علی کو بازیاب کروایا گیا، ایف آئی اے حکام

پشاور (جی این ایم) ایران سے اغوا ہونے والے پشاور کے شہری یاسر علی کو اغوا کرنے والے دونوں ملزمان افغان شہری نکلے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) حکام کے مطابق بازیاب شہری تاوان کی غرض سے 7 لاکھ روپے ادا کر چکا ہے، ملزمان اس سے مزید 70 لاکھ روپے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ ایران سے بازیاب ہونے والے مغوی یاسر علی نے بیان میں بتایا ہے کہ اغوا میں ملوث دونوں ملزمان افغان شہری ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 28)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی ٹرو ب کیمپس کے اسٹوڈنٹس سے گفتگو کر رہے ہیں

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (جی این ایم) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے جسٹس منیب اختر سے قائم مقام (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

نوشکی کے گرلز ڈگری کالج پر حملے کا صوبائی وزیر داخلہ نے نوٹس لے لیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو نے نوشکی کے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں فائرنگ کے واقعے کا نوٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسحاق ڈار کا عمانی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی اہمیت پر زور دیا

دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا، وزارت خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق عمانی وزیر خارجہ نے دورہ پاکستان کے دوران پرتپاک میزبانی پر اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون مزید فروغ دینے کے لیے دورے کے دوران طے پانے والے امور پر پیش رفت یقینی بنانے پر اتفاق (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، سہیل آفریدی سمیت 5 ملزمان کیخلاف چالان جمع

پشاور (جی این ایم) پشاور میں 9 مئی کو ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں سہیل آفریدی، سابق صوبائی وزیر کامران بنگش، تیمور جھگڑا سمیت 5 ملزمان کیخلاف چالان جمع کر دیا گیا۔ پبلک پراسیکیوٹر نے انسداد دہشتگردی عدالت میں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پاکستان ریلویز میں 22 ہزار 546 آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ریلویز میں گریڈ ایک سے 21 تک کی 22 ہزار 546 آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع وزارت ریلوے کے مطابق خالی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کوئٹہ کا مختی بچہ منیر احمد اپنے چھوٹے بھائی اور رشتے دار کے ہمراہ ملاقات کر رہا ہے

حکومت سے مذاکرات، پی ٹی آئی اسٹیئرنگ کمیٹی کیلئے باقی چار نام سامنے آگئے

بیرسٹر گوہر، چیف وہپ عامر ڈوگر، سینیٹر بیرسٹر علی ظفر اور پیر نورالحق قادری کو شامل کرنے کی تجویز

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت سے مذاکرات اور پارلیمانی معاملات چلانے کیلئے پاکستان تحریک انصاف کی مجوزہ چھ رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی کے باقی چار ارکان کے نام سامنے آگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کمیٹی میں بیرسٹر گوہر، چیف وہپ عامر ڈوگر، سینیٹر بیرسٹر علی ظفر اور پیر نورالحق قادری کو شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ پی ٹی آئی پارلیمانی کمیٹی نے چھ رکنی سٹیئرنگ کمیٹی بنانے کی تجویز دی تھی جس کی سربراہی محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کریں گے۔ ذرائع (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ کی ملاقات

رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات کی اور انہیں جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور اور ترقیاتی منصوبوں بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔؟ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے۔


اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ایکسس ٹو فنانس اسٹیئرنگ کمیٹی کے چھٹے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران پر امریکا جنگ دوبارہ چھڑنے کا خدشہ

ایران کے جوہری مسئلے کا سفارتی حل پہلے سے زیادہ ضروری ہے، تمام فریق کشیدگی بڑھانے والے بیانات اور اقدامات سے گریز کریں، پاکستانی مندوب

ایران کے جوہری معاملے پر دہرے معیار کو ترک کیا جائے، تنازع کا حل صرف سفارت کاری ہے، دوبارہ جنگ سے بڑی تباہی آئے گی، چینی مندوب

نیویارک (جی این ایم) پاکستان اور چین نے ایران امریکا جنگ دوبارہ شروع ہونے کی صورت میں بڑی تباہی کا انتباہ جاری کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں قائم مقام پاکستانی مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے جوہری مسئلے کا سفارتی حل پہلے سے زیادہ ضروری ہے۔ تمام فریق کشیدگی بڑھانے والے بیانات اور اقدامات سے گریز کریں۔ عثمان جدون نے کہا کہ ایران کے جوہری (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وفاقی وزیر قانون سے آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات

شعبہ قانون میں تعاون، ادارہ جاتی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو وسعت دینے بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان کے تعلقات مضبوط حکومتی روابط کے علاوہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتوں پر استوار ہیں، دونوں ممالک کے درمیان قانونی امور اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر عرفان دادوف اور ان کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ملک کو خون خرابے کی طرف نہیں جانا چاہیئے، مولانا فضل الرحمان

ہماری قربانیوں کا مذاق اڑایا گیا، خیبر پختونخواہ میں معدنیات کے معاملے پر دہشتگردی کے الزام کے پیچھے چھپا جا رہا ہے

ہم نے آپ کی رائے سے اختلاف کیا تو آپ ہمارے خلاف ہو گئے، سربراہ جمعیت علماء اسلام کا قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے امیر مولانا فضل الرحمان نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ اور ایمرجنسی پر سوالات اٹھائے اور حکومت کو خبردار کیا ہے کہ ملک کو خون خرابے کی طرف نہیں لے جانا چاہیئے، ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کیلئے تیار ہیں مگر تاریخ میں مرنے کیلئے تیار نہیں۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر دہشت گردی اور خراب حالات کی بنیاد پر خیبر پختونخواہ کی منتخب حکومت کو ہٹا کر وہاں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے، تو پھر بلوچستان میں بھی حالات اس سے کہیں زیادہ خراب ہیں، لہذا اگر یہی اصول ہے تو وہاں بھی گورنر راج لگایا جانا چاہیئے، خیبر پختونخواہ میں دہشت گردی کے الزام کے پیچھے اصل محرک دراصل وہاں موجود معدنیات کے ذخائر پر قبضے کی کوششیں ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (جی این ایم) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے جسٹس منیب اختر سے قائم مقام (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

نوشکی کے گرلز ڈگری کالج پر حملے کا صوبائی وزیر داخلہ نے نوٹس لے لیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو نے نوشکی کے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں فائرنگ کے واقعے کا نوٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

وزیراعلیٰ نے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے اور اس کے اہل خانہ کی کفالت کی ذمہ داری اٹھا لی

وزیراعلیٰ نے منیر احمد سمیت پانچوں بہن بھائیوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کرانے کا حکم دے دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کے ذریعے توجہ حاصل کرنے والے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے منیر احمد سمیت پانچ بہن بھائیوں اور ان کی والدہ کی مکمل کفالت کی ذمہ داری اٹھائی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے منیر احمد نے ملاقات کی، جس کے دوران میر سرفراز بگٹی نے بچوں کی مشکلات اور حالاتِ زندگی کے بارے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ

صحت عامہ کی موثر فراہمی کے ساتھ ملازمین کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے آج رات انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انہیں درپیش مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)


اسلام آباد، سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح طمی الحقبی وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان قطر کیساتھ تجارتی و اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہے، حامد کمال

پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھانا اور نئی برآمدی منڈیوں کی تلاش حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے

وفاقی وزیر کی پاکستانی کاروباری برادری سے بھی ملاقات، پاک قطر تجارتی تعلقات کے فروغ اور پاکستانی برآمدات میں اضافے کے مواقع پر تبادلہ خیال

دوحہ (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں پاکستانی مصنوعات کے ایکسپورٹ ڈسپلے سینٹر کا افتتاح کر دیا۔ وزارت تجارت کے بیان کے مطابق اس مرکز کے قیام کا مقصد قطری منڈی میں پاکستانی مصنوعات کی تشہیر اور ملکی برآمدات کو فروغ دینا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے دوحہ میں مقیم پاکستانی کاروباری برادری سے بھی اہم ملاقات کی، جس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

فضل الرحمان کی پی ٹی آئی قیادت سے ملاقات، چارٹر آف ڈیموکریسی کی تجویز پر اتفاق

ملاقات میں ملکی موجودہ سیاسی صورتحال، آئینی و جمہوری امور اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون پر گفتگو ہوئی

اسلام آباد (جی این ایم) مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کی قیادت سے اہم ملاقات کی اور چارٹر آف ڈیموکریسی کی تجویز پیش کی جس پر پی ٹی آئی نے اتفاق کیا، اس حوالے سے جلد اے پی سی بلائی جائے گی۔ مولانا فضل الرحمن نے وفد کے ہمراہ قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی موجودہ سیاسی صورتحال، آئینی و جمہوری امور اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون پر گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایران کا قطر سے ثالثی کے تقاضوں پر عمل اور محتاط بیانات کا مطالبہ

تہران (جی این ایم) ایران کی وزارتِ خارجہ کے ایک سینئر اہلکار نے قطر پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ثالثی کی ذمہ داریوں کے تقاضے پورے کرے اور عوامی بیانات دیتے وقت زیادہ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، سہیل آفریدی سمیت پانچ ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری

پشاور (جی این ایم) نو مئی کو ریڈیو پاکستان پر حملے کے مقدمے میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پانچ نامزد ملزمان (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

قیمت: 15 روپے

BIO/27/353

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

رابطہ نمبر 03136823946/03327865820

dailyzebaepakistan.pk@gmail.com

dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں سے لوگوں کو نکالنے کا غلط پروپیگنڈا

وزیراعظم کے مشیر برائے داخلہ پرویز خٹک نے کہا ہے کہ کے پی میں دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں سے لوگوں کو نکالنے کا غلط پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ صوبے کے 12 اضلاع میں دہشتگردی میں اضافہ ہوا اور وفاقی حکومت اس کا خاتمہ چاہتی ہے۔ ایمرجنسی نافذ کرنے کا بنیادی مقصد بھی خیبرپختونخوا میں دہشتگردی پر قابو پانا ہے تاہم ان علاقوں سے لوگوں کو نکالے جانے کا غلط پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے 12 نامزد اضلاع کا انتظامی یونٹس سے کوئی تعلق نہیں۔ ان اضلاع میں محدود پیمانے پر مخصوص آپریشن ہوں گے، کسی کو بے گھر نہیں کیا جائے گا۔ پرویز خٹک کا مزید کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کے تعاون کے خلاف دہشتگردی پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔ گورنر راج، ایمرجنسی پی ٹی آئی کی اپنی غلطیوں کا نتیجہ ہیں اس میں کسی اور کا قصور نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دوستوں کو بارہا سمجھایا تھا کہ حالات خود کنٹرول کریں اور مسائل حل کریں۔ مسائل دھمکیوں سے نہیں بلکہ بات چیت سے حل ہوتے ہیں۔ اگر آپ دھمکیاں دیں گے اور کسی کا ساتھ نہیں دیں گے تو معاملات کیسے چلیں گے؟ وزیراعظم کے مشیر نے مزید کہا کہ خیبرپختونخوا میں تحریک انصاف کی دونوں حکومتیں بدترین تھیں، جس کا کوئی وژن تھا اور نہ ہی سوچ۔ امید ہے اب بہتری آئے گی اور اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ ہم سب گورنر کے ساتھ کھڑے ہیں، جو کچھ ہمارے بس میں ہوا کریں گے۔ پرویز خٹک نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی میں گرفتاریاں ہوتی ہیں۔

(01)

دفاع کرتے ہوئے دوبارہ حملوں کا اعلان کر دیا اور کہا ہے کہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور ہزاروں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔ ریاست ٹیکساس میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ایران پر حملہ میری زندگی کے بہترین فیصلوں میں سے ایک ہے، اگر ایران پر دوبارہ حملہ کرنا پڑا تو یقیناً کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں میری بڑی کامیابیوں میں سے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے۔ انہوں نے تہران پر ہزاروں امریکی فوجیوں کو ہلاک کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ سابق امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی لیکن ان میں ایسا کرنے کی ہمت یا دانش مندی نہیں تھی۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں اضافہ ہو رہا ہے اور اشارہ دیا کہ اس آبی گزرگاہ کا نام جلد تبدیل کر کے آبنائے ٹرمپ رکھا جا سکتا ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ امریکا میں پٹرول کی قیمتوں میں جلد نمایاں کمی آئے گی، موجودہ معاشی مشکلات عارضی ہیں، مستقبل میں فوائد سامنے آئیں گے۔

(02)

آ گیا۔ ایمان مزاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ بیان احتجاجاً جمع کرا رہی ہوں، کرکٹ ٹیم اس راستے سے گزر ہی نہیں رہی تھی اور پولیس نے خود بتایا تھا کہ ٹیم دوسرے راستے سے جا چکی ہے۔ ایمان

کہ پوری قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

(05)

مختلف مذاہب کے اکابرین کی کوششوں سے آگاہ کیا۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کا امن، اتحاد اور بین المذاہب ہم آہنگی قومی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔ تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والوں کے درمیان باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق فراہم کرتا ہے، جبکہ معاشرے میں امن و استحکام کے لیے علمائے کرام اور مذہبی رہنماں کا کردار قابلِ قدر ہے۔ اس موقع پر علامہ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب کے ماننے والوں کا ملک ہے، جہاں تمام مذاہب کے پیروکار آزادانہ زندگی گزار رہے ہیں۔ آئینِ پاکستان ایک دوسرے کے مذاہب اور مسالک کے احترام کا درس دیتا ہے، جبکہ قومی پیغام امن کمیٹی بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔

(06)

ہسپتال میں مختلف آسامیوں پر تقرریوں سمیت اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران ضلع بھر میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں کی کارکردگی میں بہتری، طبی عملے کی دستیابی اور ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش انتظامی و دیگر مسائل کے حل سے متعلق امور زیرِ بحث آئے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ صحت کے شعبے میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ مریضوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کیچ میں صحت عامہ کے شعبے کی بہتری اور ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتال عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں اس لیے ان اداروں کو درپیش مسائل کے حل انتظامی امور کی بہتری اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے مزید کہا کہ ہسپتال میں مختلف آسامیوں پر تقرریاں میرٹ، شفافیت اور متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق ہونی چاہئیں تاکہ اہل اور مستحق امیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کیے جا سکیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے کیونکہ مؤثر اور اہل افرادی قوت ہی صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کے مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے حل کے لیے قابلِ عمل اقدامات تجویز کیے جائیں اور صحت عامہ سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے، تاکہ ضلع کیچ کے عوام کو بہتر، معیاری اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

(07)

نے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، حکمتِ عملی اور جرات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سپانسرڈ عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابلِ تحسین ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے اپنی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ملک کے کسی کونے میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔

(08)

پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیے اور دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے غیر ملکی سرپرستوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارتیں پوری قوم کے لیے

نئے لاپتہ شخص کی شناخت نہ ہونا باعث تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1990 اور 1991 کے المناک واقعات کے طویل انسانی اثرات ختم کرنے کے لئے

(01)

اور براہ راست نشریات روکنے پر سخت برہمی اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دلیل اور مؤثر سیاسی مقف کا جواب بلیک آؤٹ کے ذریعے دینا جمہوری اقدار اور آزادی اظہار کے منافی ہے۔اپنے بیان میں سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مولانا فضل الرحمٰن کا نام لیے جانے کے فوراً بعد آواز بند ہونے اور قومی اسمبلی کی لائیو کوریج رکنے کے معاملے پر سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت کی دلیل کی قوت اتنی روشن ہے کہ طاقت ان کا سامنا کرنے سے قاصر ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی رہنما کی تقریر کی نشریات روکنے سے اس کا مقف عوام تک پہنچنے سے نہیں روکا جاسکتا۔پارلیمان عوامی نمائندگی کا سب سے بڑا فورم ہے، جہاں منتخب نمائندوں کو اپنی بات کہنے اور عوام تک اپنا مقف پہنچانے کا مکمل موقع ملنا چاہیے۔مولانا عبدالواسع نے مطالبہ کیا کہ قومی اسمبلی میں قائد جمعیت کی تقریر کی نشریات مبینہ طور پر روکنے کے معاملے پر قوم کو وضاحت دی جائے۔انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں اختلاف رائے کا احترام اور آزادی اظہار کا تحفظ ناگزیر ہے، جبکہ سیاسی مقف کا جواب بلیک آؤٹ کے ذریعے دینا جمہوری روایات کے منافی ہے۔

(02)

ریلوے کے انتظامی، مالیاتی اور اصلاحاتی امور پر گفتگو ہوئی۔وزیر ریلوے نے وزیر اعظم کو ریلوے کی کارکردگی اور جاری منصوبوں سے آگاہ کیا۔دوران ملاقات فریٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولتوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر اعظم شہباز شریف نے ریلوے میں شفافیت، اصلاحات اور عوامی ریلیف کے شعبوں کو ترجیح دینے کا اعادہ کیا۔انہوں نے ریلوے کی بحالی اور انقلابی اصلاحات کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

(03)

سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 30 روزہ نظر بندی مکمل ہونے کے بعد سات اکتوبر کو ڈپٹی کمشنر نے توسیع کا نوٹی فکیشن جاری کیا، سات اکتوبر کو نظر بندی کا نوٹی فکیشن غیر قانونی طور پر جاری کیا گیا، تین بہنوں کی درخواست گزار کی فیملی اور وکیل سے ملاقات بھی نہیں کروائی گی۔درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدالت سات اکتوبر کے نظر بندی کے نوٹی فکیشن کو غیر قانونی قرار دینے کا حکم دے۔

(04)

افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں چاروں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

(05)

کے نام سامنے آرہے ہیں۔واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی برقرار ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفصیلات اور ہلاکتوں کی سرکاری تصدیق کا انتظار ہے۔

(06)

سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے بلدیاتی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنایا، جس میں خیبر پختونخوا کے جن اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل مکمل ہو چکا ہے، وہاں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے جن اضلاع میں حد بندی نہیں ہوئی وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔تاہم فیصلے کے مطابق 12 قبائلی اضلاع میں حد بندیاں اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے۔اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت اور متعلقہ انتظامی اداروں کو انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام تر ضروری اور انتظامی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے متعلقہ ونگ و انتخابی شیڈول پیش کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔الیکشن کمیشن کے حکام نے سماعت کے دوران آگاہ کیا تھا کہ صوبے کے اکثریت اضلاع میں انتخابی معرکے کے لئے بنیادی تیاریاں مکمل ہیں۔

(07)

کیا گیا۔ملاقات میں پروگرام کے تحت بلوچستان کے نظام انصاف سے وابستہ اداروں کے لیے مجوزہ سرگرمیوں اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ملاقات میں قانون کی حکمرانی کے فروغ اور نظام انصاف سے متعلق اداروں کے لیے مجوزہ پروگرام کے مختلف امور پر بحث کی گئی۔

(08)

حاصل کرنا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا تھا۔اس موقع پر شہریوں نے صاف پینے کے پانی کی عدم دستیابی سڑکوں کی خستہ حالی امن و امان کی صورتحال زرعی پانی کی قلت اور دیگر بنیادی مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا۔عوام نے اس امر پر زور دیا کہ علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سڑکوں کی تعمیر و مرمت پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور زرعی پانی کی منصفانہ فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں اور کاشتکاروں کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے شہریوں کی شکایات اور تحفظات کو غور سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو مختلف مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں، جبکہ ایسے معاملات جن کے حل کے لیے اعلیٰ حکام کی منظوری یا متعلقہ فورمز پر کارروائی درکار ہے انہیں مناسب سطح پر اٹھانے اور پیش رفت یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مسائل کے حل کو ترجیح دیں اور اپنے فرائض ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کی مشکلات کا ازالہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔کھلی کچہری کے انعقاد کو عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ قرار دیا گیا جس کے ذریعے شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست حکام کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور علاقے میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے متعلقہ محکموں کے تعاون سے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

(09)

جانب رہنما تحریک انصاف بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اٹھائیسویں ترمیم کا معاملہ زیر بحث آیا تھا۔بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ کچھ ارکان نے رائے دی کہ عمران خان کی رہائی کے بدلے اس پر غور کرنا چاہیے، ابھی آئینی ترمیم پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔اٹھائیسویں ترمیم کے تناظر میں کچھ ریلیف مل سکتا ہے تو ضرور کرنا چاہیے۔

(10)

میں افغان فورسز کی متعدد چیک پوسٹیں تباہ ہوگئیں۔پاک فوج کے جوان دشمن کی کسی بھی جارحیت کو ناکام بنانے کیلئے فعال ہیں، شہریوں پر حملے کے بعد پاک فوج کا دشمن کیخلاف بھرپور ردعمل جاری ہے۔

(11)

کواڈ کاپٹر کے ذریعے پولیس اسٹیشن پر بم شیل کا حملہ کیا گیا تاہم نیٹ جال کی وجہ سے بم شیل پھٹ نا سکا۔پولیس حکام کے مطابق بم ناکارہ کرنے کے لئے بم ڈسپوزل یونٹ کو طلب کرلیا گیا ہے۔واضح رہے کہ ایک ماہ قبل ڈرون حملوں سے بچاؤ کے لئے خیبر پختونخوا پولیس نے تھانوں اور چیک پوسٹوں پر آئرن جالیاں نصب کر دی تھیں۔ڈرون کاپٹر کے حملوں کے خطرات کے پیش نظر اقدام اٹھایا گیا تھا، کیونکہ جالیاں نصب کرنے سے نقصان کم سے کم ہوتا ہے۔

(12)

فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی 27 اکتوبر 2026 کو ماسکو کے وقت کے مطابق صبح 4 بجے نافذ ہوگئی۔اولیشکی دریائے دنیپر وکے مشرقی کنارے پر جنوبی یوکرین کے علاقے خیرسون میں واقع ہے جبکہ دریائے دنیپر وکے دوسری جانب خیرسون شہر یوکرینی فورسز کے کنٹرول میں ہے۔روسی فوج نے فروری 2022 میں یوکرین پر حملے کے ابتدائی دنوں میں اولیشکی پر قبضہ کرلیا تھا۔روس اور یوکرین نے گزشتہ روز علاقائی جنگ بندی شروع کرنے کی تصدیق کی جس کا مقصد روس کے زیر قبضہ شہر اولیشکی میں انسانی امدادی سرگرمیوں کا آغاز کرنا ہے۔

(13)

کی اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی عدم فراہمی اور اس حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی مسلسل شکایات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پینے کا صاف پانی عوام کی بنیادی ضرورت اور بنیادی حق ہے، جس کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی کنکشنز منقطع کیے گئے، تاہم اس کے باوجود بعض علاقوں میں شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے اور پانی کی فراہمی کے نظام میں خاطر خواہ بہتری سامنے نہیں آئی ڈپٹی کمشنر نے محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پانی کی فراہمی، تقسیم، نگرانی اور نظام کو مؤثر انداز میں چلانے کی بنیادی ذمہ داری محکمہ پی ایچ ای اور متعلقہ افسران پر عائد ہوتی ہے۔

(14)

مطابق زخمی 22 سالہ شاکر علی، 22 سالہ شاہد اور اسلم کو سول اسپتال ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق واردات ممکنہ طور پر بھتہ خوری کا شاخسانہ ہوسکتی ہے، جائے وقوعہ کے اطراف سے شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں۔

(15)

تک کی پیش رفت سے انہیں آگاہ کیا ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے معیاری تعلیم کے فروغ، تدریسی عمل میں بہتری اور طالبات کی تعلیمی استعداد بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی مؤثر نگرانی، اساتذہ کی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور طالبات کے لیے سازگار تعلیمی ماحول کا قیام تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے نہایت اہم ہے۔

(16)

اور پنشنرز کے مسائل سنیں گے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کریں گے۔اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین اور پنشنرز کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے متعلقہ دفتر سے رابطہ کریں، تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔

(17)

ہے ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سپلائی بہتر ہونے کے باعث ایل پی جی کی قیمتوں میں مزید بڑی کمی کا بھی امکان ہے دوسری جانب، حکومتی سطح پر ایل پی جی کی مقرر کردہ سرکاری قیمت تاحال 279 روپے فی کلو ہے . شہریوں اور صارفین کا کہنا ہے کہ اگرچہ مارکیٹ ریٹ میں کچھ کمی ضرور آئی ہے تاہم یہ قیمتیں اب بھی سرکاری نرخوں سے نمایاں طور پر بلند ہیں، جس پر عوام نے حکومتی عملداری اور نرخوں پر قابو پانے کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے وزیر تیل و گیس علی پرویز ملک نے کہا تھا کہ انٹرنیشنل مارکیٹ کے مطابق ایل پی جی کی فی کلو قیمت 450 روپے فی کلو بنتی ہے۔

(18)

بوائز پرائمری اسکول کوہ بُن میں تعلیمی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا اور اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے داخلوں، تدریسی عمل، بنیادی ڈھانچے اور مجموعی تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا گیا۔ان دوروں کا مقصد تعلیمی اداروں کی کارکردگی کی نگرانی، تدریسی عمل کو مؤثر بنانا اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے سازگار ماحول یقینی بنانا ہے۔اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور بارکت کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے مسلسل دورے تعلیمی شعبے میں نگرانی کے عمل کو مؤثر بنانے اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہیں، تاکہ طلبہ کی تعلیمی ضروریات پر توجہ دیتے ہوئے سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط اور تدریسی کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔

(19)

کیا گیا۔دھماکے کے بعد قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

(20)

نے سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے مواد کی جانچ پڑتال کی اور کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود ٹھیکیداروں اور تکنیکی عملے کو ہدایات جاری کیں کہ منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیارات اور مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔اس موقع پر سوشل میڈیا کے نمائندوں اور علاقے کے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ڈی او نے کہا کھوز یراعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات ہیں کہ صوبے کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک میسر آ سکیں۔محکمہ مواصلات و تعمیرات اسی وژن کے تحت دن رات کوشاں ہے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھجی روڈ کی تعمیر سے تحصیل درگ اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا، جس سے نہ صرف سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ علاقے میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔علاقے کے قبائلی عمائدین، کسانوں اور مقامی عوام نے کھجی روڈ پر کام کے آغاز اور اس کی پیشرفت پر بھرپور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

(21)

میں دوبیگاٹ زون کے محلہ حاجی رازق موسیٰ خیل، ہزارہ زون کے محلہ امیر زمان اور اسلامی مسجد روڈ سمیت مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی کی۔اس کے علاوہ بھنڈار محلہ میں کوڑا کرکٹ صاف کیا گیا، جبکہ قادری کمپلیکس، پرانے ہسپتال اور سلطانی ٹپس کے مقامات پر بھی صفائی کے اقدامات کیے گئے۔شہر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور اسے مناسب طریقے سے منتقل کرنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے ٹریکٹر ٹرالی اور سوزوکی بھی استعمال کی جا رہی ہیں، تاکہ مختلف علاقوں میں جمع ہونے والے کچرے کو بروقت ہٹایا جا سکے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات کے مطابق صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ متحرک ہے۔اس مہم کا مقصد شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنا، نالیوں کی صفائی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا اور شہریوں کو درپیش صفائی کے مسائل کا ازالہ کرنا ہے۔شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی یہ کوششیں قابل تحسین ہیں، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں اور شہر کی صفائی برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

(22)

کی رہائشی ہیں اور انہیں انتہائی نگہداشت وارڈ (آئی سی یو) میں منتقل کر دیا گیا ہے، خاتون کو دو روز قبل سندھ انفیکشس ڈیزیز ہسپتال نیپا لایا گیا تھا، جہاں منکی پاکس کی تشخیص کے لیے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے حاصل کیے گئے، ٹیسٹ رپورٹ موصول ہونے کے بعد خاتون میں منکی پاکس کی تصدیق ہوئی۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق متاثرہ خاتون کی حالت کے پیش نظر انہیں آئی سی یو منتقل کر دیا گیا، جبکہ سندھ انفیکشس ڈیزیز ہسپتال نیپا میں منکی پاکس کے 7 مریض زیر علاج ہیں۔محکمہ صحت کے مطابق رواں سال سندھ میں منکی پاکس سے اب تک 12 اموات رپورٹ ہو چکی ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ کراچی سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں وائرس کے کیسز سامنے آرہے ہیں، صوبے میں منکی پاکس کے بڑھتے ہوئے کیسز کے باعث صورت حال پر نظر رکھی جارہی ہے۔

(23)

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا، جب کہ قانونی معاملے میں معاونت کے لیے اٹارنی جنرل کو بھی نوٹس جاری کیا گیا ہے جسٹس ارباب محمد طاہر نے جوڈیشل ایکیوزم پینل کی درخواست پر احکامات جاری کیے اور کیس دسمبر کے پہلے ہفتے میں مقرر کرنے کا حکم دیا درخواست کی پیروی جوڈیشل ایکیوزم پینل کی جانب سے وکیل اظہر صدیق کر رہے ہیں درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت پاسپورٹ رولز 2021 کے رول 22(2)(b) کا دوسرا حصہ خلاف قانون ہے درخواست گزار کے مطابق سرکاری اداروں یا ایجنسیوں کی محض سفارش پر شہریوں کے نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرلئے جاتے ہیں درخواست میں کہا گیا ہے کہ درست پاسپورٹ، ویزا اور کنفرم ٹکٹ رکھنے کے باوجود شہریوں کو پیشگی نوٹس دیے اور وجوہ بتائے بغیر بیرون ملک سفر سے روک دیا جاتا ہے اس کے نتیجے میں شہریوں کو روزگار، تعلیم، علاج معالجے اور حج و عمرہ جیسے مذہبی فرائض کی ادائیگی میں ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑتا ہے . درخواست گزار نے استدعا کی ہے کہ بغیر قانونی جواز چلائی جانے والی پی این آئی ایل، بلیک لسٹ اور اسٹاپ لسٹ کو غیر قانونی قرار دیا جائے اس کے علاوہ وزارت داخلہ، امیگریشن اینڈ پاسپورٹس، ایف آئی اے اور نادرا کو ایک مربوط اور شفاف پاک ٹریول اسٹیٹس پورٹل قائم کرنے کا حکم دینے کی بھی استدعا کی گئی ہے، تاکہ شہریوں کو اپنی سفری حیثیت کے بارے میں معلومات حاصل ہو سکیں عدالت نے متعلقہ حکام سے جواب طلب کرتے ہوئے کیس دسمبر کے پہلے ہفتے میں سماعت کے لئے مقرر کرنے کا حکم دیا ہے۔

(24)

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بریفنگ دیتے ہوئے رافیل گروسی نے کہا امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد سے عالمی معائنہ کار ایران کی متاثرہ جوہری تنصیبات تک رسائی حاصل نہیں کر سکے جس کے باعث جوہری مواد کے ممکنہ انحراف کی تصدیق ممکن نہیں رہی۔انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری مواد کی نگرانی سے متعلق اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی، عمان، پاکستان، قطر اور مصر ایران کے ساتھ مذاکرات کی بحالی کیلئے اہم سفارتی کوششیں کر رہے ہیں۔افیل گروسی نے ایران اور ادارے کے درمیان 2025 کے قاہرہ معاہدے پر دوبارہ عمل درآمد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ معائنہ کاروں کی واپسی اور جوہری تنصیبات کی تصدیق کیلئے سفارت کاری ناگزیر ہے۔ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق کسی بھی پائیدار معاہدے کیلئے آئی اے ای اے کی موثر نگرانی ضروری ہے۔

(25)

تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ ہوا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے ساتھ اپنے شایانِ شان رحم و کرم کا معاملہ فرمائے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی اولاد اور ان کے نیک اعمال کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت، حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ مولانا فیض محمد اور ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر و استقامت عطا فرمائے۔آمین۔

(26)

ظاہر نہیں کی گئی۔حملہ آور نے 2 چاقوؤں سے گارڈ پر حملہ کیا جس سے گارڈ معمولی زخمی ہوا۔وزارت داخلہ کے مطابق پولیس واقعے کو دہشت گرد حملے کے طور پر دیکھ رہی ہے، حملے کے بعد ملک میں دہشت گردی کے خطرے کی سطح بلند ترین درجے تک بڑھادی گئی ہے جبکہ اہم مقامات پر پولیس کی نفری میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔

(27)

مطابق شعبہ صحت میں من پسند تقرریوں اور مالی بے ضابطگیوں سے 3 کروڑ 29 لاکھ روپے کے نقصان کے بعد مستقبل میں نقصان 14 کروڑ 92 لاکھ تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔آڈٹ رپورٹ میں اعلیٰ عہدوں پر بھرتیوں، امیدواروں کی اہلیت، تنخواہوں اور اضافی مالی فوائد پر سنگین اعتراضات اٹھائے گئے۔تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق نورالایمان فاطمہ کے دور میں بورڈ آف گورنرز میں ڈائریکٹر فارمیسی سے سینئر کنسلٹنٹس تک من پسند تقرریاں کی گئیں۔نوشیروان برکی اور نورالایمان فاطمہ کے دور میں تقرریوں کے طریقہ کار اور مالی بے ضابطگیوں پر جوابدہی کا فیصلہ کیا گیا۔عوامی ٹیکس کے موثر استعمال کے لیے سرکاری اسپتال میں تقرریوں اور مالی فوائد میں بضابطگیوں کی شفاف تحقیقات حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

(28)

گیا اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، گزشتہ واجبات کی بازیابی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی و تکمیل، زیر التواء ریونیو مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور دیگر ریونیو امور کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو پیش رفت سے آگاہ کیا، جبکہ مختلف تحصیلوں میں محصولات کی وصولی، نادہندگان کے خلاف کارروائی اور زیر التواء مقدمات کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری محصولات کی وصولی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں اور نادہندگان سے سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ ریونیو کی مد میں واجب الادا رقوم کی وصولی میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے زیر التواء ریونیو مقدمات کو قانون اور قواعد و ضوابط کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ریونیو معاملات میں غیر ضروری تاخیر سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور ہر کیس کو مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق بروقت نمٹایا جائے ڈپٹی کمشنر نے ریونیو ریکارڈ کی درستگی اور اسے جدید تقاضوں کے مطابق محفوظ بنانے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ اراضی ریکارڈ میں کسی قسم کی غلطی، بے ضابطگی یا ریکارڈ کی عدم تکمیل مستقبل میں عوام اور انتظامیہ کے لیے مشکلات کا باعث بن سکتی ہے، اس لیے متعلقہ افسران ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور تصدیق کے عمل کو یقینی بنائیں۔انہوں نے سرکاری اراضی کے تحفظ کے حوالے سے بھی متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے یا تجاوزات کی بروقت نشاندہی کی جائے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ محکمہ مال ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم شعبہ ہے، جس کی کارکردگی کا براہ راست تعلق عوامی مسائل کے حل اور سرکاری محصولات کی وصولی سے ہے۔اس لیے ریونیو افسران اپنے فرائض ایمانداری، شفافیت اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور عوام کو ریونیو سے متعلق امور میں بروقت سہولیات فراہم کریں انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ مال کے نظام میں شفافیت، جوابدہی، مؤثر نگرانی اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔تمام متعلقہ افسران کی کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا، جبکہ فرائض کی انجام دہی میں غفلت، غیر ضروری تاخیر یا کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اجلاس میں دی گئی ہدایات پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور آئندہ جائزہ اجلاس میں پیش رفت کی مکمل رپورٹ پیش کی جائے۔

(29)

اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے واضح کیا کہ ملک میں کسی بھی جگہ این ایچ اے کی ایک انچ زمین بھی کسی کے غیر قانونی قبضے میں نہیں رہنی چاہیے۔اجلاس میں وفاقی سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور سینئر انتظامی افسران نے شرکت کی اور ملک بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیل سے بریفنگ دی۔قومی شاہراہ N-5 کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اس کی فوری بحالی کا حکم دیا اور لاہور۔گوجرانوالہ جی ٹی روڈ کے سیکشن پر "پیچ ورک" "مرمت" (کا کام تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

(30)

حکومت ہر ماہ عوام سے ڈیڑھ سو ارب روپے لیوی وصول کرتی ہے، جبکہ اس کے مقابلے میں صرف 32 ارب روپے کا ریلیف دیا جاتا ہے۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی اس نامکمل ریلیف کو قبول نہیں کرے گی اور عوام کو ان کا مکمل حق ملنا چاہیے، بصورت دیگر حتمی فیصلہ اسلام آباد کی سڑکوں پر ہوگا۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جاری احتجاجی تحریک کے باعث حکومت کا ہاتھ کسی حد تک رکا ہے اور عوام کو کچھ نہ کچھ ریلیف مل سکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ فارم 47 کی حکومت ہو یا 48 کی، عوام کو ریلیف دینے کا اختیار حکومت کے پاس ہے اور جماعت اسلامی عوامی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کا کوئی ذاتی مفاد نہیں، وہ عوامی حقوق کی خاطر میدان میں موجود ہے اور اپنے مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رکھے گی۔

(31)

سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 30 روزہ نظر بندی مکمل ہونے کے بعد سات اکتوبر کو ڈپٹی کمشنر نے توسیع کا نوٹی فکیشن جاری کیا، سات اکتوبر کو نظر بندی کا نوٹی فکیشن غیر قانونی طور پر جاری کیا گیا، تین بہنوں کی درخواست گزار کی فیملی اور وکیل سے ملاقات بھی نہیں کروائی گی۔درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدالت سات اکتوبر کے نظر بندی کے نوٹی فکیشن کو غیر قانونی قرار دینے کا حکم دے۔

(32)

ڈاکٹرز کے او پی ڈی رومز، لیبارٹری، آپریشن تھیٹر، ایم آر آئی، سی ٹی اسکین سینٹر، ادویات سنٹر، ہسپتال میں قائم کنٹرول روم اور پانی کے بور سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔انہوں نے متعلقہ حکام سے ہر شعبے کی کارکردگی، دستیاب سہولیات، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ان کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹروں کی موجودگی، تشخیص اور علاج کے معیار کے بارے میں براہ راست معلومات حاصل کیں۔انہوں نے مریضوں سے ہسپتال میں کی جانے والی اصلاحات اور انہیں درپیش مسائل کے حوالے سے بھی آگاہی حاصل کیا ادویات سنٹر کے دورے کے موقع پر کمشنر نے ہسپتال میں دستیاب ادویات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی ادویات اور ادویات کی تقسیم کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے۔

(33)

وعالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو ان کی تقرری پر مبارک باد پیش کی اور ان کی اہم ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کامیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم نے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا، انہوں نے خطے میں پائیدار امن کے فروغ میں مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے اہم اور کلیدی کردار پر زور دیا۔

(34)

اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایران کے لئے یہ کوئی نئی بات نہیں۔واشنگٹن کی وعدوں سے انحراف کی ایک طویل تاریخ ہے اور جب بھی بین الاقوامی ذمہ داریاں اس کیلئے غیر موزوں ہو جاتی ہیں، وہ انہیں نظرانداز کرنے سے گریز نہیں کرتا۔ان کا کہنا تھا کہ یورپی ممالک اور واشنگٹن کے دیگر حامیوں کے پاس امریکی بدعملی پر پردہ ڈالنے اور اسے جواب دہی سے بچانے کا کوئی جواز نہیں ہے۔اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ وعدہ خلافیوں کو جواز فراہم نہیں کیا جا سکتا، بین الاقوامی قانون کا اطلاق امتیازی بنیادوں پر نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی سیاسی بیانیے بازی کے ذریعے واشنگٹن کو جواب دہی سے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے۔امریکا بار بار وعدہ خلافی کرتا، سفارتکاری بارے واشنگٹن کا رویہ نامناسب ہے قبل ازیں ٹرمپ نے مسیسیپی میں انتخابی ریلی کے دوران اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو وقت کا ضیاع قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں ایران کے ساتھ کیے گئے اس عبوری معاہدے پر بھی اعتماد نہیں تھا۔امریکی انتظامیہ نے اس سے قبل جولائی 2026 میں ہی اس ڈیل کو ختم کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔

(35)

ی ڈھانچے کو نشانہ بنانے پر غور کیا جارہا ہے۔وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج ٹیکساس سے پیٹریاٹ میزائل دفاعی نظام کا اضافی یونٹ اسرائیل منتقل کر رہی ہے جبکہ ایک اضافی طیارہ بردار بحری بیڑے کا جنگی گروپ اور میرینز دستہ بھی شامل ہونے کیلئے تیار ہے۔وال اسٹریٹ جرنل کا کہنا ہے کہ امریکی حملوں کی صورت میں ایران کا جوابی حملوں کا انتباہ دیا ہے۔

(36)

جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کی ہدایات پر سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز نادر بلوچ نے گزشتہ دنوں اپنی ٹیم کے ہمراہ تعمیراتی سائٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے منصوبے پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا واضح رہے کہ صوبائی حکومت گوادر شہر اور گرد و نواح میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری، سفری سہولیات کے فروغ اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہے۔

(37)

، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص مؤثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے۔سیمینار کی کلیدی مقرر ڈاکٹر شازیہ، گائنا کالوجسٹ، انڈس ہسپتال گوادر نے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی اور خواتین کی صحت کے حوالے سے گفتگو کی۔پینل ڈسکشن میں ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر، مس شلی انور، جینیٹک کونسلر و لیکچرر کیمسٹری ڈپارٹمنٹ جامعہ گوادر، اور ڈاکٹر رفعت وہاب، شعبہ سرجری، انڈس ہسپتال نے شرکت کی۔پینل کی نظامت مس سنگین ولید، لیکچرر کیمسٹری ڈپارٹمنٹ جامعہ گوادر نے انجام دی۔اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینیئرنگ، ڈاکٹر محب اللہ، انڈس ہسپتال کے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر ناصر شیخ، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، جامعہ گوادر کے اساتذہ، انتظامی افسران اور دیگر شرکاء نے شرکت کی۔سیمینار کے اختتام پر پنک ربن پاکستان کے لیے جامعہ گوادر کی فوکل پرسن میڈم شمع سلیمان نے وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی جانب سے شرکاء کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔بعد ازاں شرکاء نے جامعہ گوادر کے احاطے میں آگاہی واک کی، جس کا مقصد بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خواتین کو بروقت تشخیص و احتیاطی تدابیر اپنانے کی ترغیب دینا تھا

(38)

2026 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی انسانی سرگرمیوں اور پالیسی فیصلوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بحران ہے جس کے صحت اور معیشت پر اثرات غیر متناسب طور پر ان افراد پر پڑتے ہیں جن کے پاس خود کو محفوظ رکھنے کے وسائل محدود ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ فضائی آلودگی کے باعث ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 6.5 فیصد کے مساوی معاشی بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے جس میں بیماریوں، ہسپتالوں میں علاج اور متاثرہ خاندانوں پر پڑنے والے مالی دباؤ کے اخراجات شامل ہیں۔انہوں نے صحت عامہ پر فضائی آلودگی کے اثرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پھیپھڑوں کی دائمی بیماری (سی او پی ڈی) میں مبتلا مریضوں کو آکسیجن اور ادویات کی ضرورت پڑتی ہیجو اس مسئلے کی سنگینی کو ظاہر کرتی ہے۔ڈاکٹر مصدق ملک نے یونیسیف کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ فضائی آلودگی بچوں کے پھیپھڑوں کی صحت اور نشوونما کو متاثر کر رہی ہے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ آلودہ فضا میں سانس لینے والے بچے کس حد تک اس نقصان کو سمجھ سکتے ہیں جو ان کی صحت کو پہنچ رہا ہے۔ا

(39)

کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے کے اثرات اب پاکستانی معیشت پر واضح طور پر نمایاں ہونے لگے ہیں، جس کے نتیجے میں ملک کا امپورٹ بل تیزی سے بڑھنے لگا ہے۔

(40)

کی فعالیت میں مزید بہتری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔اجلاس میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں بالخصوص ہزارگنجی، قمبرانی روڈ، سریاب، بائی پاس اور دیگر مقامات پر چوری ڈکیتی اور قتل و غارت گری کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امن و امان کی بگڑتی صورت حال کی مذمت کی گئی۔شرکا نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے لہٰذا جرائم کی روک تھام ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا سعید احمد، مولانا محمد سلیمان، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ مسعود احمد، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی صالح محمد، حافظ دوست محمد مینگل، عبدالصمد حقیار، مولانا شعیب جدون، مفتی نیک محمد، حاجی محمد شاہ لالا، شاہ زاہد مشوانی، مفتی ابوبکر، مولانا علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولانا نقیب اللہ ملاخیل، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی، حافظ حبیب الرحمٰن اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں امن و امان کی صورتحال اس قدر ابتر ہوچکی ہے کہ صبح ناشتے کیلئے نکلنے والے بچے اور بزرگ بھی لٹیروں سے محفوظ نہیں روزگار کے لیے گھروں سے نکلنے والے شہری بھی آئے روز لوٹ مار کا نشانہ بن رہے ہیں۔

(41)

میں یوم سیاہ کشمیر کا اہتمام کیا گیا جس میں بھارت کے غیر قانونی تسلط اور انسانی حقوق کی مسلسل پامالی کے خلاف کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔نیویارک میں پاکستانی قونصل خانے میں یوم سیاہ کشمیر کی مناسبت سے تقریب منعقد ہوئی۔امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے واشنگٹن ڈی سی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر ہماری قومی شناخت اور وقار کا حصہ ہے، مقبوضہ کشمیر کی موجودہ سنگین صورتحال عالمی برادری اور انسانی حقوق کی علمبردار تنظیموں کی توجہ کی منتظر ہے۔ 27 اکتوبر کو بھارتی افواج کی جموں و کشمیر میں مداخلت تاریخ کا المناک ترین باب ہے جس کے اثرات براہ راست علاقائی امن سے منسلک ہیں۔سفیر پاکستان نے کہا کہ بھارتی افواج تقسیم ہند کے منصوبے کے مسلمہ اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے کشمیری عوام کی خواہشات کے برعکس جموں و کشمیر پر قابض ہوئیں، مقبوضہ جموں و کشمیر میں بنیادی حقوق کی مسلسل اور کھلم کھلا پامالی اور بدترین ریاستی دہشت گردی ہر سطح پر قابل مذمت ہیں۔

(42)

سے افغان ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ پابندی کے باعث سیکڑوں افراد بینائی بحال کرنے کے علاج سے محروم ہو سکتے ہیں، دارالحکومت کابل کے اسپتال میں پابندی سے پہلے قرنیے کی پیوندکاری کے 90 آپریشن کیے گئے۔ڈاکٹر نور زمان ہاشم نے کہا ہے کہ طالبان نے زبانی طور پر قرنیے کی پیوندکاری روکنے کی ہدایت کی ہے۔برطانوی اخبار کے مطابق امریکی فلاحی تنظیم نے طالبان سے قرنیے کی پیوندکاری پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔امریکی فلاحی تنظیم کے سربراہ نے کہا ہے کہ قرنیے کی پیوندکاری پر پابندی کی وجہ سے فلاحی پروگرام متاثر ہوا ہے۔

(43)

مطابق پاکستان کی جانب سے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے فضائی حدود بند کرنے کا فیصلہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے۔تائیوان کی فضائی کمپنیوں نے ہفتے کے اختتام سے پروازوں کے راستے تبدیل کرنا شروع کر دیئے چائنا ایئر لائنز اور ایوا ایئر کی پروازیں 25 اکتوبر کی صبح سے پاکستانی فضائی حدود سے نہیں گزریں۔ایشیا اور یورپ کے درمیان تائیوانی کمپنیوں کی کم از کم 12 پروازوں نے اتوار سے روسی فضائی حدود استعمال کی ہے۔

(44)

خان، ڈپٹی رجسٹرار عبدالماجد کے علاوہ شعبہ کیمسٹری کی لیکچرر سنگین ولید، شعبہ زوالوجی کی لیکچرر رفیقہ بلوچ اور شعبہ اکنامکس کی چیئر پرسن شمع سلیمان نے شرکت کی، جبکہ NIMA پاکستان کی نمائندگی ڈائریکٹر کمانڈر اولیس انور، ڈپٹی ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کمانڈر ڈاکٹر وقاص اور تحقیقی عملے نے کی۔اجلاس کا اہم فیصلہ جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنا تھا، جس کے ذریعے طلبہ کو بحری امور، بلیوا کانومی، سی پیک سے متعلق اقدامات اور میرین بائیوٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔اجلاس میں گوادر یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران نے بحری مطالعات اور سمندری تحقیق میں اپنے اپنے شعبوں کے ممکنہ کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔دونوں اداروں نے مشترکہ تحقیقی منصوبوں اور باہمی دلچسپی کے دیگر علمی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔اجلاس کے اختتام پر جامعہ گوادر کے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان نے NIMA پاکستان کے تعاون اور طلبہ کے لیے انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کے عزم پر شکریہ ادا کیا۔دونوں اداروں نے انٹرن شپ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے، طلبہ کے انتخاب اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی نشاندہی کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔اس تعاون سے گوادر اور دیگر علاقوں میں طلبہ کے لیے عملی تعلیمی مواقع، بین الشعبہ جاتی تحقیق اور بحری امور سے متعلق علمی سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

(45)

اور براہ راست نشریات روکنے پر سخت برہمی اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دلیل اور مؤثر سیاسی مقف کا جواب بلیک آؤٹ کے ذریعے دینا جمہوری اقدار اور آزادی اظہار کے منافی ہے۔اپنے بیان میں سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مولانا فضل الرحمٰن کا نام لیے جانے کے فوراً بعد آواز بند ہونے اور قومی اسمبلی کی لائیو کوریج رکنے کے معاملے پر سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت کی دلیل کی قوت اتنی روشن ہے کہ طاقت ان کا سامنا کرنے سے قاصر ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی رہنما کی تقریر کی نشریات روکنے سے اس کا مقف عوام تک پہنچنے سے نہیں روکا جاسکتا۔پارلیمان عوامی نمائندگی کا سب سے بڑا فورم ہے، جہاں منتخب نمائندوں کو اپنی بات کہنے اور عوام تک اپنا مقف پہنچانے کا مکمل موقع ملنا چاہیے۔مولانا عبدالواسع نے مطالبہ کیا کہ قومی اسمبلی میں قائد جمعیت کی تقریر کی نشریات مبینہ طور پر روکنے کے معاملے پر قوم کو وضاحت دی جائے۔انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں اختلاف رائے کا احترام اور آزادی اظہار کا تحفظ ناگزیر ہے، جبکہ سیاسی مقف کا جواب بلیک آؤٹ کے ذریعے دینا جمہوری روایات کے منافی ہے۔

(46)

ریلوے کے انتظامی، مالیاتی اور اصلاحاتی امور پر گفتگو ہوئی۔وزیر ریلوے نے وزیر اعظم کو ریلوے کی کارکردگی اور جاری منصوبوں سے آگاہ کیا۔دوران ملاقات فریٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولتوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر اعظم شہباز شریف نے ریلوے میں شفافیت، اصلاحات اور عوامی ریلیف کے شعبوں کو ترجیح دینے کا اعادہ کیا۔انہوں نے ریلوے کی بحالی اور انقلابی اصلاحات کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

(47)

سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 30 روزہ نظر بندی مکمل ہونے کے بعد سات اکتوبر کو ڈپٹی کمشنر نے توسیع کا نوٹی فکیشن جاری کیا، سات اکتوبر کو نظر بندی کا نوٹی فکیشن غیر قانونی طور پر جاری کیا گیا، تین بہنوں کی درخواست گزار کی فیملی اور وکیل سے ملاقات بھی نہیں کروائی گی۔درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدالت سات اکتوبر کے نظر بندی کے نوٹی فکیشن کو غیر قانونی قرار دینے کا حکم دے۔

(48)

افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں چاروں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

(49)

کے نام سامنے آرہے ہیں۔واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی برقرار ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفصیلات اور ہلاکتوں کی سرکاری تصدیق کا انتظار ہے۔

(50)

سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے بلدیاتی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنایا، جس میں خیبر پختونخوا کے جن اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل مکمل ہو چکا ہے، وہاں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے جن اضلاع میں حد بندی نہیں ہوئی وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔تاہم فیصلے کے مطابق 12 قبائلی اضلاع میں حد بندیاں اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے۔اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت اور متعلقہ انتظامی اداروں کو انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام تر ضروری اور انتظامی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے متعلقہ ونگ و انتخابی شیڈول پیش کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔الیکشن کمیشن کے حکام نے سماعت کے دوران آگاہ کیا تھا کہ صوبے کے اکثریت اضلاع میں انتخابی معرکے کے لئے بنیادی تیاریاں مکمل ہیں۔

(51)

کیا گیا۔ملاقات میں پروگرام کے تحت بلوچستان کے نظام انصاف سے وابستہ اداروں کے لیے مجوزہ سرگرمیوں اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ملاقات میں قانون کی حکمرانی کے فروغ اور نظام انصاف سے متعلق اداروں کے لیے مجوزہ پروگرام کے مختلف امور پر بحث کی گئی۔

(52)

حاصل کرنا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا تھا۔اس موقع پر شہریوں نے صاف پینے کے پانی کی عدم دستیابی سڑکوں کی خستہ حالی امن و امان کی صورتحال زرعی پانی کی قلت اور دیگر بنیادی مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا۔عوام نے اس امر پر زور دیا کہ علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سڑکوں کی تعمیر و مرمت پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور زرعی پانی کی منصفانہ فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں اور کاشتکاروں کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے شہریوں کی شکایات اور تحفظات کو غور سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو مختلف مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں، جبکہ ایسے معاملات جن کے حل کے لیے اعلیٰ حکام کی منظوری یا متعلقہ فورمز پر کارروائی درکار ہے انہیں مناسب سطح پر اٹھانے اور پیش رفت یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مسائل کے حل کو ترجیح دیں اور اپنے فرائض ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کی مشکلات کا ازالہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔کھلی کچہری کے انعقاد کو عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ قرار دیا گیا جس کے ذریعے شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست حکام کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور علاقے میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے متعلقہ محکموں کے تعاون سے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

(53)

جانب رہنما تحریک انصاف بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اٹھائیسویں ترمیم کا معاملہ زیر بحث آیا تھا۔بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ کچھ ارکان نے رائے دی کہ عمران خان کی رہائی کے بدلے اس پر غور کرنا چاہیے، ابھی آئینی ترمیم پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔اٹھائیسویں ترمیم کے تناظر میں کچھ ریلیف مل سکتا ہے تو ضرور کرنا چاہیے۔

(54)

میں افغان فورسز کی متعدد چیک پوسٹیں تباہ ہوگئیں۔پاک فوج کے جوان دشمن کی کسی بھی جارحیت کو ناکام بنانے کیلئے فعال ہیں، شہریوں پر حملے کے بعد پاک فوج کا دشمن کیخلاف بھرپور ردعمل جاری ہے۔

(55)

کواڈ کاپٹر کے ذریعے پولیس اسٹیشن پر بم شیل کا حملہ کیا گیا تاہم نیٹ جال کی وجہ سے بم شیل پھٹ نا سکا۔پولیس حکام کے مطابق بم ناکارہ کرنے کے لئے بم ڈسپوزل یونٹ کو طلب کرلیا گیا ہے۔واضح رہے کہ ایک ماہ قبل ڈرون حملوں سے بچاؤ کے لئے خیبر پختونخوا پولیس نے تھانوں اور چیک پوسٹوں پر آئرن جالیاں نصب کر دی تھیں۔ڈرون کاپٹر کے حملوں کے خطرات کے پیش نظر اقدام اٹھایا گیا تھا، کیونکہ جالیاں نصب کرنے سے نقصان کم سے کم ہوتا ہے۔

(56)

فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی 27 اکتوبر 2026 کو ماسکو کے وقت کے مطابق صبح 4 بجے نافذ ہوگئی۔اولیشکی دریائے دنیپر وکے مشرقی کنارے پر جنوبی یوکرین کے علاقے خیرسون میں واقع ہے جبکہ دریائے دنیپر وکے دوسری جانب خیرسون شہر یوکرینی فورسز کے کنٹرول میں ہے۔روسی فوج نے فروری 2022 میں یوکرین پر حملے کے ابتدائی دنوں میں اولیشکی پر قبضہ کرلیا تھا۔روس اور یوکرین نے گزشتہ روز علاقائی جنگ بندی شروع کرنے کی تصدیق کی جس کا مقصد روس کے زیر قبضہ شہر اولیشکی میں انسانی امدادی سرگرمیوں کا آغاز کرنا ہے۔

(57)

کی اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی عدم فراہمی اور اس حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی مسلسل شکایات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پینے کا صاف پانی عوام کی بنیادی ضرورت اور بنیادی حق ہے، جس کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی کنکشنز منقطع کیے گئے، تاہم اس کے باوجود بعض علاقوں میں شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے اور پانی کی فراہمی کے نظام میں خاطر خواہ بہتری سامنے نہیں آئی ڈپٹی کمشنر نے محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پانی کی فراہمی، تقسیم، نگرانی اور نظام کو مؤثر انداز میں چلانے کی بنیادی ذمہ داری محکمہ پی ایچ ای اور متعلقہ افسران پر عائد ہوتی ہے۔

(58)

مطابق زخمی 22 سالہ شاکر علی، 22 سالہ شاہد اور اسلم کو سول اسپتال ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق واردات ممکنہ طور پر بھتہ خوری کا شاخسانہ ہوسکتی ہے، جائے وقوعہ کے اطراف سے شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں۔

(59)

تک کی پیش رفت سے انہیں آگاہ کیا ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے معیاری تعلیم کے فروغ، تدریسی عمل میں بہتری اور طالبات کی تعلیمی استعداد بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی مؤثر نگرانی، اساتذہ کی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور طالبات کے لیے سازگار تعلیمی ماحول کا قیام تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے نہایت اہم ہے۔

(60)

اور پنشنرز کے مسائل سنیں گے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کریں گے۔اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین اور پنشنرز کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے متعلقہ دفتر سے رابطہ کریں، تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔

(61)

ہے ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سپلائی بہتر ہونے کے باعث ایل پی جی کی قیمتوں میں مزید بڑی کمی کا بھی امکان ہے دوسری جانب، حکومتی سطح پر ایل پی جی کی مقرر کردہ سرکاری قیمت تاحال 279 روپے فی کلو ہے . شہریوں اور صارفین کا کہنا ہے کہ اگرچہ مارکیٹ ریٹ میں کچھ کمی ضرور آئی ہے تاہم یہ قیمتیں اب بھی سرکاری نرخوں سے نمایاں طور پر بلند ہیں، جس پر عوام نے حکومتی عملداری اور نرخوں پر قابو پانے کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے وزیر تیل و گیس علی پرویز ملک نے کہا تھا کہ انٹرنیشنل مارکیٹ کے مطابق ایل پی جی کی فی کلو قیمت 450 روپے فی کلو بنتی ہے۔

(62)

بوائز پرائمری اسکول کوہ بُن میں تعلیمی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا اور اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے داخلوں، تدریسی عمل، بنیادی ڈھانچے اور مجموعی تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا گیا۔ان دوروں کا مقصد تعلیمی اداروں کی کارکردگی کی نگرانی، تدریسی عمل کو مؤثر بنانا اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے سازگار ماحول یقینی بنانا ہے۔اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور بارکت کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے مسلسل دورے تعلیمی شعبے میں نگرانی کے عمل کو مؤثر بنانے اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہیں، تاکہ طلبہ کی تعلیمی ضروریات پر توجہ دیتے ہوئے سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط اور تدریسی کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔

(63)

کیا گیا۔دھماکے کے بعد قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

(64)

نے سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے مواد کی جانچ پڑتال کی اور کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود ٹھیکیداروں اور تکنیکی عملے کو ہدایات جاری کیں کہ منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیارات اور مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔اس موقع پر سوشل میڈیا کے نمائندوں اور علاقے کے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ڈی او نے کہا کھوز یراعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات ہیں کہ صوبے کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک میسر آ سکیں۔محکمہ مواصلات و تعمیرات اسی وژن کے تحت دن رات کوشاں ہے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھجی روڈ کی تعمیر سے تحصیل درگ اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا، جس سے نہ صرف سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ علاقے میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔علاقے کے قبائلی عمائدین، کسانوں اور مقامی عوام نے کھجی روڈ پر کام کے آغاز اور اس کی پیشرفت پر بھرپور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

(65)

میں دوبیگاٹ زون کے محلہ حاجی رازق موسیٰ خیل، ہزارہ زون کے محلہ امیر زمان اور اسلامی مسجد روڈ سمیت مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی کی۔اس کے علاوہ بھنڈار محلہ میں کوڑا کرکٹ صاف کیا گیا، جبکہ قادری کمپلیکس، پرانے ہسپتال اور سلطانی ٹپس کے مقامات پر بھی صفائی کے اقدامات کیے گئے۔شہر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور اسے مناسب طریقے سے منتقل کرنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے ٹریکٹر ٹرالی اور سوزوکی بھی استعمال کی جا رہی ہیں، تاکہ مختلف علاقوں میں جمع ہونے والے کچرے کو بروقت ہٹایا جا سکے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات کے مطابق صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ متحرک ہے۔اس مہم کا مقصد شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنا، نالیوں کی صفائی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا اور شہریوں کو درپیش صفائی کے مسائل کا ازالہ کرنا ہے۔شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی یہ کوششیں قابل تحسین ہیں، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں اور شہر کی صفائی برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

(66)

کی رہائشی ہیں اور انہیں انتہائی نگہداشت وارڈ (آئی سی یو) میں منتقل کر دیا گیا ہے، خاتون کو دو روز قبل سندھ انفیکشس ڈیزیز ہسپتال نیپا لایا گیا تھا، جہاں منکی پاکس کی تشخیص کے لیے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے حاصل کیے گئے، ٹیسٹ رپورٹ موصول ہونے کے بعد خاتون میں منکی پاکس کی تصدیق ہوئی۔

الیکشن کمیشن کا 12 قبائلی اضلاع کو چھوڑ کر خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم

جن اضلاع میں حد بندی نہیں ہوئی وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کیا جائے گا، محفوظ فیصلہ جاری

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات میں تاخیر سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے 12 قبائلی اضلاع کے علاوہ صوبے کے دیگر اضلاع میں بلدیاتی الیکشن کرانے کا حکم دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی (باقی صفحہ 3 نمبر6)

میر ضیا اللہ لانگو سے یو این او ڈی سی اور یو این ڈی پی کے مشترکہ وفد کی ملاقات

یورپی یونین کے تعاون سے قانون کی حکمرانی اور نظامِ انصاف کو مضبوط بنانے کے پروگرام کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو سے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم (یو این او ڈی سی) اور اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے مشترکہ وفد نے ملاقات کی، جس میں یورپی یونین کے تعاون سے شروع کیے جانے والے نئے قانون کی حکمرانی کے پروگرام اور بلوچستان کے نظام انصاف سے متعلق امور پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 3 نمبر7)



کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم یو این او ڈی سی اور یو این ڈی پی کا مشترکہ وفد ملاقات کر رہا ہے

پشاور، پولیس اسٹیشن پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام، نیٹ جال کے باعث بم نہ پھٹ سکا

کواڈ کاپٹر کے ذریعے پولیس اسٹیشن پر بم شیل کا حملہ کیا گیا تھا، سی سی پی او

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کے موثر حفاظتی اقدامات کی وجہ سے پولیس اسٹیشن حسن خیل پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر11)

روس اور یوکرین کے درمیان اہم محاذ پر جنگ بندی، میلانیا ٹرمپ کی تصدیق

ماسکو کے وقت کے مطابق صبح 4 بجے سے خیرسون شہر کی سمت گولہ باری روک دی گئی ہے، روسی وزارت دفاع

واشنگٹن، ماسکو (جی این ایم) روس اور یوکرین کے درمیان جنوبی یوکرین کے روس کے زیر قبضہ شہر اولیشکی میں جنگ بندی نافذ ہوگئی جس کی امریکی خاتون اول میلانیا ٹرمپ نے بھی تصدیق کردی۔ امریکی خاتون اول میلانیا ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ (باقی صفحہ 3 نمبر12)

لورالائی میں پینے کے پانی کی قلت اور پی ایچ ای کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد

پینے کا صاف پانی عوام کا بنیادی حق ہے، فراہمی میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیرِ صدارت شہر میں پینے کے پانی کی مسلسل قلت، عوامی شکایات اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایکسین پی ایچ ای نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر13)

جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان کے درمیان تعلیمی و تحقیقی تعاون پر اتفاق

جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جس میں بالخصوص بلیو اکانومی، چین پاکستان اقتصادی راہداری اور میرین بائیو ٹیکنالوجی پر توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے نمائندوں کے درمیان آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ جامعہ گوادر کی جانب سے رجسٹرار ڈاکٹر دولت (باقی صفحہ 3 نمبر44)

پاکستان نے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کیلئے فضائی حدود بند کر دیں

پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت صرف چین کی فضائی کمپنیوں کو ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کیلئے فضائی حدود بند کر دیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے بلومبرگ کو انٹرویو میں کہا کہ پاکستان نے چین کی ون چائنا پالیسی کی حمایت میں تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر دیں، پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت صرف چین کی فضائی کمپنیوں کو ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستانی فضائی حدود سے صرف چینی ایئر لائنز کو گزرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ بلومبرگ کے (باقی صفحہ 3 نمبر43)



جامعہ گوادر، انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے منعقدہ بریسٹ کینسر آگاہی سیمینار میں شرکاء اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

شہر میں بدامنی، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر جے یو آئی کوئٹہ کا شدید اظہارِ تشویش

ہزار گنجی کے مقتول محمد طاہر کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا جس میں ضلعی ساجی کمیٹیوں کی کارکردگی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی مجلس عمومی کے گزشتہ اجلاس میں پیش کردہ اراکین کی آرا و تجاویز شہری مسائل اور دیگر اہم جماعتی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا جبکہ جماعت (باقی صفحہ 3 نمبر40)

سموگ سے غریب طبقہ زیادہ متاثر، امیر افراد حفاظتی اقدامات کر سکتے ہیں، ڈاکٹر مصدق

فضائی آلودگی انسانی سرگرمیوں اور پالیسی فیصلوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بحران ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ فضائی آلودگی اور سموگ سے غریب طبقہ، سکول جانے والے بچے، سڑکوں پر کام کرنے والے افراد اور کسان زیادہ متاثر ہوتے ہیں، صاحب ثروت افراد ایئر پیوریفائرز اور دیگر حفاظتی اقدامات کے ذریعے خود کو آلودگی سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ بدھ کو پاکستان نیشنل کلین ایئر کانفرنس (باقی صفحہ 3 نمبر38)

جامعہ گوادر میں انڈس ہسپتال اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی سیمینار

بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص موثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے زیرِ اہتمام انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی اور جینیٹکس کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خطرات کی بروقت شناخت و ابتدائی تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ماہرینِ صحت نے بریسٹ کینسر کی علامات، جینیاتی عوامل (باقی صفحہ 3 نمبر37)

میرین ڈرائیو پر پلیری کور ہور کے مقام پر کازوے کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

منصوبے کا مقصد پشکان اور گردونواح میں آمدورفت کو بہتر بنانا اور سفری مشکلات میں کمی لانا ہے

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے وژن کے تحت ادارہ ترقیات گوادر کی زیرِ نگرانی میرین ڈرائیو پر پلیری کور ہور کے مقام پر کازوے کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے منصوبے سے پشکان سمیت گردونواح کے علاقوں میں آمدورفت کو بہتر بنانا اور بارشوں کے دوران عوام کو درپیش سفری مشکلات میں کمی لانا ہے۔ ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر36)



کوئٹہ، ڈی ایس پی ٹریفک پولیس سید سجاد آغا ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق یوتھ کو آگاہی دے رہے ہیں

کچھی کینال میں دیناری اور جاکرانی قبائل کے درمیان مسلح تصادم، ہلاکتوں کی اطلاعات

ڈیرہ بگٹی (اے این این) کچھی کینال ڈیرہ بگٹی سوئی کے علاقے میں دیناری اور جاکرانی قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں ہلاکتوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں لیاقت جاکرانی بگٹی اور طارق قلندرانی بگٹی (باقی صفحہ 3 نمبر5)

گنداخہ، ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی کھلی کچہری عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری احکامات جاری

اوستہ محمد (جی این ایم) ضلع اوستہ محمد کی تحصیل گنداخہ میں ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر نگرانی گورنمنٹ ہائی اسکول گنداخہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون مختلف سرکاری محکموں کے افسران علاقائی عمائدین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل سے براہِ راست آگاہی (باقی صفحہ 3 نمبر8)



اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ سے پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر عرفان داؤدوف ملاقات کر رہے ہیں

بوستان لنک روڈ پر فائرنگ چار افراد جاں بحق

فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں

کوئٹہ (جی این ایم) بوستان لنک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے اسرار گوال سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق گوال سے تعلق رکھنے والے اسرار گوال اپنے ساتھیوں سمیت عدالت میں پیشی کے بعد گھر واپس جا رہے تھے کہ بوستان لنک روڈ پر نامعلوم (باقی صفحہ 3 نمبر4)

پاک افغان سرحد پر افغان طالبان رجیم کی اشتعال انگیزی، پاک فوج کا منہ توڑ جواب

جنوبی وزیرستان میں افغان طالبان رجیم نے شہری آبادی کو نشانہ بنایا، بزدلانہ حملے میں ایک شہری جاں بحق 5 شہری زخمی، مقامی لوگوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے

پاک فوج نے افغان جارحیت کا فوری شدید جواب دیا، پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی میں افغان فورسز کی متعدد چیک پوسٹیں تباہ ہوگئیں، سیکورٹی ذرائع

ڈیرہ اسماعیل خان (جی این ایم) پاک افغان سرحد پر افغان طالبان رجیم کی جانب سے اشتعال انگیزی پر پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق جنوبی وزیرستان میں افغان طالبان رجیم نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہری آبادی کو نشانہ بنایا، بزدلانہ حملے میں گھر پر گولہ گرنے سے ایک شہری شہید ہوگیا۔ واقعے میں ایک ہی خاندان کے 5 افراد زخمی بھی ہوئے، سول آبادی کو نشانہ بنانے پر مقامی لوگوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے افغان جارحیت کا فوری شدید جواب دیا، پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر10)

لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی میں توسیع کے خلاف درخواست دائر

لاہور (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی میں توسیع کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست شاہ ریز اور سکینہ نیازی نے اپنے وکیل رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر کی ہے۔ جس میں ہوم سیکرٹری، ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر3)

ضلع چاغی دو انتظامی حصوں میں تقسیم، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کا ضلع چاغی دو انتظامی حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ ویسٹرن چاغی کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ ویسٹرن چاغی کے حوالے سے اہم انتظامی پیش رفت سامنے آگئی اور ضلع چاغی کی انتظامی تقسیم کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا ہے۔ ویسٹرن چاغی کے نوٹیفکیشن کے بعد نئے انتظامی ڈھانچے سے متعلق تفصیلات کا انتظار ہے۔

قومی اسمبلی میں مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر کی نشریات روکنے پر جے یو آئی کی شدید برہمی

دلیل اور موثر موقف کا جواب بلیک آوٹ سے دینا جمہوری اقدار اور آزادیِ اظہار کے منافی ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قومی اسمبلی میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر کے دوران مبینہ طور پر آواز بند کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر1)

وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر ریلوے حنیف عباسی کی ملاقات

فریٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولتوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیرِ اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ملاقات کی ہے۔ شہباز شریف اور حنیف عباسی کے درمیان ملاقات میں وزارت (باقی صفحہ 3 نمبر2)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال منعقدہ اعلیٰ سطح کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

28ویں ترمیم پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ اتفاق رائے پیدا کریں گے، اعظم نذیر

نئی ترمیم کے حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کر کے آگے بڑھیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ اٹھائیسویں ترمیم پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کریں گے۔ ایک انٹرویو میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ 28ویں ترمیم کا ابھی کوئی مسودہ تیار نہیں ہوا، نئی ترمیم کے حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر اتفاق رائے پیدا کر کے آگے بڑھیں گے۔ دوسری (باقی صفحہ 3 نمبر9)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی، تعمیر عمارت پر مسلح ملزمان کی فائرنگ، 3 افراد زخمی

کراچی (جی این ایم) کراچی میں سولجر بازار تھانے کی حدود میں گارڈن علی بھائی آڈیٹوریم کے قریب زیر تعمیر عمارت پر مسلح ملزمان کی فائرنگ سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس فائرنگ کے واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات کے لئے جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ ریسکیو حکام کے (باقی صفحہ 3 نمبر14)

ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ، تعلیمی امور کا جائزہ

پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار

گوادر (خ ن) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر (کالجز) مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فیکلٹی ممبران کے ساتھ اجلاس میں تعلیمی وتدریسی سرگرمیوں، طالبات کی حاضری اور کالج کے انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر کالج کے پرنسپل سیمن بلوچ نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کو کالج کے کارکردگی اوراب (باقی صفحہ 3 نمبر15)

افغانستان میں طالبان نے قرنیے کی پیوندکاری پر پابندی لگادی

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان کی حکومت نے قرنیے کی پیوندکاری پر پابندی لگادی۔ برطانوی اخبار کے مطابق طالبان حکام نے قرنیے کی پیوندکاری کو اسلامی تعلیمات کے خلاف قرار دیا ہے اور ڈاکٹروں کو قرنیے کی پیوندکاری کے آپریشنز روکنے کا حکم دیا ہے۔ اس حوالے (باقی صفحہ 3 نمبر42)

موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کھجی روڈ کی تعمیر ومرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری

کھجی روڈ کی تعمیر سے مقامی مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے مواصلات وتعمیرات کی ترقی کے ویژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کھجی روڈ کی تعمیر ومرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او مواصلات وتعمیرات احمد سعید جعفر نے کھجی روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران ایس ڈی او (باقی صفحہ 3 نمبر20)

یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کینیڈا اور امریکا میں پاکستانی سفارتخانوں میں تقریبات

واشنگٹن، اوٹاوا (جی این ایم) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کینیڈا اور امریکا میں پاکستانی سفارتخانوں میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے سے جاری بیان کے مطابق سفارت خانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی (باقی صفحہ 3 نمبر41)

لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی کی نگرانی میں صفائی مہم کا عمل باقاعدگی سے جاری

شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر لورالائی کی ہدایات پر چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر خان ناصر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محیب اللہ بلوچ کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی مہم جاری ہے، جس کے تحت مختلف محلوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی کا کام باقاعدگی سے انجام دیا جا رہا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے سپروائزرز کی نگرانی (باقی صفحہ 3 نمبر21)

اردن کے فضائی حملے، شام نے سرحدی گزرگاہ بند کردی

دمشق (جی این ایم) شام نے اردن کے فضائی حملوں کے بعد سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر دونوں ممالک کے درمیان نصیب سرحدی گزرگاہ مسافروں اور تجارتی سامان کی آمدورفت کے لئے عارضی طور پر بند کردی۔

ملک سکندر ایڈووکیٹ کا مولانا فیض محمد کی اہلیہ کے انتقال پر اظہارِ افسوس

مرحومہ کی وفات پر دلی دکھ ہوا، اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اور سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے سابق امیر اور سابق سینئر مولانا فیض محمد کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے مولانا فیض محمد، ان کے صاحبزادگان اور دیگر اہلِ خانہ سے دلی (باقی صفحہ 3 نمبر25)

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ

دبئی (جی این ایم) بین الاقوامی مارکیٹوں میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برینٹ خام تیل 1.32 فیصد بڑھ کر 115.37 ڈالر فی بیرل پر آ گیا جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس 1.48 فیصد اضافے سے 101.36 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ عالمی منڈی میں خام تیل (باقی صفحہ 3 نمبر39)



کوئٹہ، سیکرٹری لیبر اینڈ پاور صالح محمد ناصر و من جاب فیئر کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں آرگنائزرز کو شیلڈ دے رہے ہیں

جماعت اسلامی کا اسلام آباد مارچ کسی صورت ملتوی نہیں ہوگا، حافظ نعیم

وفاقی حکومت مارچ سے قبل لیوی ختم کرنے کے لیے شفاف اور واضح نظام وضع کرے، حکومت ہر ماہ عوام سے ڈیڑھ سو ارب لیوی وصول کرتی ہے

جماعت اسلامی کی جاری احتجاجی تحریک کے باعث حکومت کا ہاتھ کسی حد تک رکا اور عوام کو کچھ نہ کچھ ریلیف مل سکا ہے، پریس کانفرنس

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے اعلان کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف اور عوامی حقوق کے حصول کیلئے جماعت اسلامی کا اسلام آباد مارچ کسی صورت ملتوی نہیں ہوگا، نومبر کے وسط میں لانگ مارچ کیا جائے گا۔ ادارہ نور حق کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے پٹرولیم لیوی کی شدید مذمت کی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ مارچ سے قبل لیوی ختم کرنے کے لیے شفاف اور واضح نظام وضع کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی اسلام آباد مارچ کے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹے گی، پٹرولیم لیوی کا 70 فیصد سے زائد بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر پڑ رہا ہے، جو اس مد میں حکومت کو 100 ارب روپے سے زائد ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے حکومت کی ریلیف پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر30)

ٹرمپ حکومت کی امریکی مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران پر بڑے حملے کی تیاری

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے کہا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے امریکی انتخابات کے بعد ایران حملوں سے متعلق خلیجی ممالک کو آگاہ کر دیا ہے اور ممکنہ امریکی کارروائی میں ایرانی جوہری تنصیبات اور بنیاد (باقی صفحہ 3 نمبر35)

امریکا بار بار وعدہ خلافی کرتا، واشنگٹن کا رویہ نامناسب ہے، اسماعیل بقائی

یورپی ممالک اور واشنگٹن کے دیگر حامیوں کے پاس امریکی بدعملی پر پردہ ڈالنے اور اسے جواب دہی سے بچانے کا کوئی جواز نہیں

تہران (جی این ایم) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ واشنگٹن کی سفارتکاری سے بے اعتنائی ایک بار پھر کھل کر سامنے آگئی ہے، صدر ٹرمپ کا یہ اعتراف کہ انہیں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر بھی یقین نہیں تھا اور وہ اسے وقت کا ضیاع سمجھتے تھے، ان کی سفارتی وعدوں کی کھوکھلی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے۔ اسماعیل بقائی نے ایکس پر (باقی صفحہ 3 نمبر34)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور اہم علاقائی (باقی صفحہ 3 نمبر33)

اکاونٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں 3 نومبر کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعظم پاکستان کے وژن کے تحت اکاونٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں بروز منگل، 3 نومبر 2026 کو صبح 11 بجے کھلی کچہری منعقد کی جائے گی، جس میں اکاونٹنٹ جنرل بلوچستان ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران (DDOs)، صوبائی سرکاری ملازمین (باقی صفحہ 3 نمبر16)

سکھر، ایل پی جی ٹینکر میں دھماکہ، 2 افراد جاں بحق، 3 زخمی

سکھر (جی این ایم) سکھر میں روہڑی انٹرچینج کے قریب ایل پی جی ٹینکر میں دھماکے کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثے کے مقام پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں پہنچ گئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زخمیوں اور لاشوں کو تعلقہ اسپتال روہڑی منتقل (باقی صفحہ 3 نمبر19)

سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 100 سے تجاوز کر گئی

کراچی (جی این ایم) سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، جس کے بعد رواں سال صوبے میں رپورٹ ہونے والے کیسز کی مجموعی تعداد 100 سے تجاوز کر گئی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق متاثرہ خاتون کراچی (باقی صفحہ 3 نمبر22)

سربیا، اسرائیلی سفارتخانے کے باہر چاقو حملہ، حملہ آور ہلاک

بلغراد (جی این ایم) سربیا کے دارالحکومت بلغراد میں اسرائیلی سفارتخانے کے باہر نامعلوم شخص نے چاقو سے گارڈ پر حملہ جبکہ پولیس نے حملہ آور کو ہلاک کر دیا۔ سربین وزارتِ داخلہ کے مطابق حملہ آور نابالغ تھا جس کی شناخت (باقی صفحہ 3 نمبر26)

علیم خان کا این ایچ اے کی تمام سرکاری اراضی سے قبضہ واگزار کرانے کیلئے زیرو ٹالرنس مہم کا حکم

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی تمام سرکاری اراضی سے غیر قانونی قبضہ واگزار کرانے کے لیے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے قبضہ مافیا کے خلاف 'زیرو ٹالرنس' پالیسی کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے بدھ کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ایک اعلیٰ سطحی (باقی صفحہ 3 نمبر29)

درآمدی ایل پی جی کی کھیپ لاہور پہنچنے کا سلسلہ شروع، قیمتوں میں 50 روپے فی کلو کمی

حکومتی سطح پر ایل پی جی کی مقرر کردہ سرکاری قیمت تاحال 279 روپے فی کلو ہے شہریوں کا مقررہ نرخوں پر گیس کی فراہمی کا مطالبہ

لاہور (جی این ایم) مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمت میں 50 روپے فی کلو کمی ریکارڈ کی گئی ہے، اور درآمدی ایل پی جی کی کھیپ لاہور پہنچنے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے مارکیٹ ذرائع اور ڈیلرز کے مطابق ایل پی جی کی قیمت میں فی کلو 50 روپے تک کی کمی واقع ہوئی ہے، جس کے بعد شہر میں ایل پی جی 50 روپے کمی کے ساتھ 550 روپے فی کلو میں فروخت کی جا رہی (باقی صفحہ 3 نمبر17)

اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ کا چار سرکاری اسکولوں کا دورہ، تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ

اسکولوں کے مسلسل دوروں کا مقصد تعلیمی معیار کی بہتری اور تدریسی عمل کو موثر بنانا ہے، ڈاکٹر ماہ نور بارکت

اورماڑہ (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیارِ تعلیم کی بہتری اور تعلیمی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور بارکت نے مزید چار سرکاری اسکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول اسلامیہ لین، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول جونا لین، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ بن اور گورنمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر18)

شہریوں کے نام غیر ضروری طور پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کا معاملہ عدالت پہنچ گیا

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سیکرٹری داخلہ، ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اور ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (جی این ایم) بیرون ملک سفر کرنے والے شہریوں پر غیر ضروری سفری پابندیوں، پاسپورٹ رولز اور پروونشل نیشنل آئیڈنٹیفکیشن لسٹ (پی این آئی ایل) کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے سیکرٹری داخلہ، ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اور (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ایران کے 440 کلوگرام انتہائی افزودہ یورینیم کا سراغ تاحال نہیں مل سکا، گروسی

ایران کو جوہری مواد کی نگرانی سے متعلق اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کے جوہری توانائی کے عالمی ادارے (آئی اے ای اے) کے سربراہ رافیل گروسی نے کہا ہے کہ ایران کے 440 کلوگرام انتہائی افزودہ یورینیم کا سراغ تاحال نہیں مل سکا تاہم جوہری تنصیبات کی مرمت یا بحالی کی کوئی علامت سامنے نہیں آئی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر24)

خیبر پختونخوا کے شعبہ صحت میں بے ضابطگیوں کا انکشاف، کروڑوں کے نقصان پر جوابدہی کا مطالبہ

آڈٹ رپورٹ میں اعلیٰ عہدوں پر بھرتیوں، امیدواروں کی اہلیت، تنخواہوں اور اضافی مالی فوائد پر سنگین اعتراضات

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے شعبہ صحت میں بے ضابطگیاں سامنے آنے پر کروڑوں روپے کے نقصان پر جوابدہی کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ صوبے کے شعبہ صحت میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر کی سربراہی میں اصلاحات کا آغاز ہوگیا، جس پر سرکاری وسائل کے استعمال پر جوابدہی کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ اینٹی کرپشن کی اوپن انکوائری 29/2026 کے (باقی صفحہ 3 نمبر27)

لورالائی میں ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے امور کا جائزہ اجلاس

زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری محصولات کی وصولی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات، محصولات کی وصولی اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 نمبر28)



کوئٹہ، عیسیٰ نگری کے رہائشی ساحل نعیم، اسفر جوزف اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کا لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ اور انتظامات کا جائزہ

ڈاکٹرز اور طبی عملے کی بروقت حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کریں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان اور ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ بھی ان کے ہمراہ تھے کمشنر ولی محمد بڑیچ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، (باقی صفحہ 3 نمبر32)



کوئٹہ، چیئرمین ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان جسٹس (ر) ضیاء پرویز، پروفیسر فرخندہ اورنگزیب، انفارمیشن کمشنر بلوچستان عبدالشکور خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کاشف علی و دیگر بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسرز کی تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں